www.ahlehaq.org

حکیم الامت مجدد الملت حضرت مولانا اشرف علی تھانوی رحمۃ اللہ علیہ

ملفوظات حکیم الامت

اِدارۂ تالیفاتِ اَشرفیہ
چوک فوارہ ملتان پاکستان
(061-4540513-4519240

بسلسلہ

ملفوظاتِ حکیم الامت

جلد 18

حسن العزیز جلد دوم

حکیم الامت مجدد الملت حضرۃ مولانا اشرف علی تھانوی رحمۃ اللہ علیہ

کی مجالس اور اسفار، نشست و برخاست میں بیان فرمودہ انبیاء کرام، اولیاء عظام کے تذکروں، عاشقانِ الٰہی ذوالاحترام کی حکایات و روایات، دین برحق مذہب اسلام کے احکام و مسائل جن کا ہر فقرہ حقائق و معانی کے عطر سے معطر، ہر لفظ صبغۃ اللہ سے رنگا ہوا، ہر کلمہ شرابِ عشق حقیقی میں ڈوبا ہوا، ہر جملہ اصلاح نفس و اخلاق، نکات تصوف اور مختلف علمی و عملی، عقلی و نقلی، معلومات و تجربات کے بیش بہا خزائن کا دفینہ ہے اور جن کا مطالعہ آپ کی پُر بہار مجلس کا نقشہ آج بھی پیش کر دیتا ہے۔

عنوانات:

قاری محمد ادریس ہوشیار پوری

جمع فرمودہ منشی رشید احمد سنبھلی رحمۃ اللہ علیہ

ادارہ تالیفاتِ اشرفیہ اشرفیہ منزل۔ نزد گلی آرٹس، چوک فوارہ ملتان۔

www.ahlehaq.org

ترتیب و تزئین کے جملہ حقوق محفوظ ہیں

نام کتاب.............ملفوظات حکیم الامت جلد-18
تاریخ اشاعت.................صفر المظفر ۱۴۲۵ھ
ناشر.... اِدارہ تالیفاتِ اَشرفیہ چوک فوارہ ملتان
طباعت.................سلامت اقبال پریس ملتان

ملنے کے پتے

ادارہ تالیفات اشرفیہ چوک فوارہ ملتان
ادارہ اسلامیات انارکلی لاہور
مکتبہ سید احمد شہید اردو بازار لاہور
مکتبہ قاسمیہ اردو بازار لاہور
مکتبہ رشیدیہ سرکی روڈ کوئٹہ
کتب خانہ رشیدیہ راجہ بازار راولپنڈی
یونیورسٹی بک ایجنسی خیبر بازار پشاور
دارالاشاعت اردو بازار کراچی
بک لینڈ اردو بازار لاہور

ISLAMIC EDUCATIONAL TRUST U.K
(ISLAMIC BOOKS CENTRE)
119-121-HALLIWELL ROAD
BOLTON BL1 3NE. (U.K.)

ضروری وضاحت: ایک مسلمان جان بوجھ کر قرآن مجید، احادیث رسول ﷺ اور دیگر دینی کتابوں میں غلطی کرنے کا تصور بھی نہیں کر سکتا بھول کر ہونے والی غلطیوں کی تصحیح و اصلاح کیلئے بھی ہمارے ادارہ میں مستقل شعبہ قائم ہے اور کسی بھی کتاب کی طباعت کے دوران اغلاط کی تصحیح پر سب سے زیادہ توجہ اور عرق ریزی کی جاتی ہے۔ تاہم چونکہ یہ سب کام انسان کے ہاتھوں ہوتا ہے اس لئے پھر بھی کسی غلطی کے رہ جانے کا امکان ہے۔ لہٰذا قارئین کرام سے گذارش ہے کہ اگر ایسی کوئی غلطی نظر آئے تو ادارہ کو مطلع فرمادیں تاکہ آئندہ ایڈیشن میں اس کی اصلاح ہو سکے۔ نیکی کے اس کام میں آپ کا تعاون صدقہ جاریہ ہوگا۔ (ادارہ)

www.ahlehaq.org

❁ملفوظ 244❁ طالب کو آتے ہی طلب کا اظہار کرنا چاہئے :

ایک صاحب تعویذ لینے کیلئے آئے تھے مگر آکر بیٹھ گئے اور سب مثنوی شریف کا درس شروع ہوا تب انہوں نے تعویذ مانگا حضرت قبلہ نے فرمایا کہ بھائی اب تو دوسرا کام شروع ہو گیا تم نے پہلے سے نہیں کہا ورنہ لکھ دیتا پھر فرمایا کہ آتے ہی کام کو کہدے پھر کام کرنے والے کو اختیار ہے کہ وہ چاہے اسی وقت اس کام کو کردے یا پھر کرے مگر اس کو آتے ہی کہہ دینا چاہئے۔

❁ملفوظ 245❁ لا یعنی کلام کا معیار :

دوران درس مثنوی شریف میں کسی مناسب موقع پر فرمایا کہ ماموں صاحب فرمایا کرتے تھے کلامے کہ محتاج یعنی باشد لا یعنی ست۔

❁ملفوظ 246❁ مولانا محمد قلندر کی شان ترحّم :

دوران درس مثنوی میں فرمایا کہ مولانا محمد قلندر صاحب جلال آبادی جو کہ عالم بھی تھے اور درویش بھی تھے مگر درویشی ان پر غالب تھی۔ ان کی خدمت میں ایک فقیر آیا اور کہا لا بابا مولوی ایک روپیہ بھنگ پینے کیلئے۔ مولانا نے کہا ارے ایسے تو مت کہہ اور روپیہ نکال کر دیدیا اور کہا کہ جا بھاگ جا طالب علم جو پاس بیٹھے تھے ان کو اس طرح اس فقیر کا مانگنا اور خصوصاً مولانا کا اس کو دیدینا ناگوار ہوا پھر حضرت والا نے فرمایا کہ ان پر ایک شان ترحم کی غالب تھی۔

❁ملفوظ 247❁ حضرت حاجی صاحبؒ کا مثنوی شریف میں درک :

دوران درس مثنوی شریف میں فرمایا کہ حضرت حاجی صاحبؒ کو مثنوی شریف میں اس قدر مہارت حاصل تھی کہ جونسا مقام چاہو نکال بیٹھ جاؤ حضرت اس کے متعلق تقریر شروع کر دیتے تھے ہم لوگ حالانکہ اہل علم کہلاتے ہیں مگر یہ بات حاصل نہیں حالانکہ حضرت کی علمی تحصیل صرف کافیہ تک تھی۔ البتہ حضرت کی تقریر مجمل ہوتی تھی زیادہ مفصل نہ ہوتی تھی اور سننے والوں میں سمجھدار کم ہوتے تھے۔ پھر فرمایا کہ مولانا گنگوہیؒ میں شان نبوت کا انتظام غالب تھا فرماتے تھے کہ حضرت کے یہاں جب سے مثنوی ہونے لگی ہے تب سے لوگ اپنا ایمان مکہ ہی میں چھوڑ آتے ہیں پھر حضرت والا نے فرمایا کہ چونکہ

www.ahlehaq.org